12-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ دہلی پولیس نے احتجاج اور مظاہروں کیلئے جنتر منتر کو فہرست سے خارج کرتے ہوئے تین نئے مقامات مقرر کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

۲۔ بی جے پی کے رکن راجیہ سبھا ڈاکٹر کے لکشمن نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 'کورٹ مارچ' کے نام پر دھرنے دینا عدالتی نظام کو بلیک میل کرنے کے مترادف ہے۔

۳۔ تلنگانہ قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیندر ریڈی اور اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار نے بھارت اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی خواہش ظاہر کی۔

۴۔ محکمہ موسمیات حیدرآباد نے بتایا کہ ریاست میں رواں ماہ کی 15 تاریخ سے بعض مقامات پر ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

Ramachander Rao

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے الزام لگایا کہ کسان خشک سالی کے باعث پریشان ہیں لیکن ریاستی حکومت نے ہنگامی کابینہ اجلاس منسوخ کرکے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور وزراء کو دہلی روانہ کردیا۔ بی جے پی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خشک سالی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے چیف سکریٹری کی جانب سے نوٹ بھی بھیجا گیا تھا لیکن حکومت نے اس پر توجہ نہیں دی۔ رام چندر راؤ نے مطالبہ کیا کہ کسانوں کے لئے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا نافذ کی جائے اور حکومت واضح کرے کہ ربیع کے موسم میں کسانوں کو آبپاشی کے لئے پانی اور زراعت کے لئے بجلی کس طرح فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے ووٹروں کے نام حذف کئے جانے کے معاملہ پر وزیر پونم پربھاکر کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے کہا کہ دس افراد کو چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر لایا جائے۔ انہوں

نے مزید بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی 25 سالہ عوامی خدمات کے اعتراف میں پارٹی نے ان کی ستائش سے متعلق قرارداد منظور کی ہے۔

Desk

Dana Kishore

گورنر کے خصوصی چیف سکریٹری اور ریاستی ریڈکراس کے چیرمین دانا کشور نے ہدایت دی ہے کہ منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر کے لئے تمام اضلاع میں باہمی تال میل کے ساتھ بیداری مہمات چلائی جائیں۔ انہوں نے آج لوک بھون سے ضلعی ریڈکراس شاخوں کے نمائندوں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ نشہ مکت بھارت ابھیان اور ٹی بی مکت بھارت ابھیان پر عمل درآمد کا جائزہ لیا۔دانا کشور نے کہا کہ دسہرہ کے بعد اضلاع میں بیداری ریلیوں، تعلیمی اداروں میں سمیناروں اور حلف برداری کے پروگراموں کے انعقاد کیلئے عملی منصوبہ تیار کئے جائیں۔انہوں نے ان پروگراموں میں جونیئر اور یوتھ ریڈ کراس کے علاوہ این ایس ایس، این سی سی اور اسکاوٹس کے رضا کاروں کو بھی شامل کرنے کی ہدایت دی تاکہ منشیات سے پاک معاشرہ کے قیام اور تپ دق کے خاتمے کے لئے عوامی شعور کو فروغ دیا جاسکے۔

Desk

Weather

تلنگانہ میں رواں ماہ کی 15 تاریخ سے گرج چمک، آسمانی بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے اس سلسلہ میں 15 سے 18 تاریخ تک ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق 15 اور 16 تاریخ کو بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، حیدرآباد اور رنگاریڈی سمیت ریاست کے مختلف اضلاع میں بارش ہوسکتی ہے۔تاہم 14 اکتوبر تک ریاست میں موسم خشک رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔حیدرآباد کے حوالہ سے محکمہ موسمیات نے بتایا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران آسمان جزوی طور پر ابرآلود رہ سکتا ہے۔

PN

Council Chairman, Assembly Speaker

تلنگانہ قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیندر ریڈی اور اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار نے بھارت اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے ساتھ تلنگانہ اور ہیروشیما کے درمیان صنعتی، تکنیکی اور تعلیمی شعبوں میں تعاون بڑھانے کی خواہش ظاہر کی۔ جاپان کے ہیروشیما پری فیکچرل اسمبلی اور حکومت کے نمائندوں پر مشتمل ایک وفد نے آج تلنگانہ اسمبلی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر منعقدہ خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قائدین نے کہا کہ جمہوری نظام کو مضبوط بنانے کے لئے مختلف اسمبلیوں کے درمیان باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے تلنگانہ میں جاپانی سرمایہ کاری میں اضافہ اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے والی صنعتوں اور ہنرمندی کے اداروں کے قیام پر زور دیا۔ اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار نے کہا کہ آٹوموبائل، الیکٹرانکس، سیمی کنڈکٹرس اور گرین انرجی جیسے شعبوں میں بھارت اور جاپان مل کر کام کر سکتے ہیں۔

Desk

Harish Rao

بی آر ایس قانون ساز پارٹی کے نائب قائد ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ خشک سالی اور ایل نینو کی صورتحال کے باوجود ریونت ریڈی حکومت کسانوں کے مسائل کے تئیں لاپرواہی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد کے تلنگانہ بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کی جانب سے کسانوں سے بات چیت کرنے کا اعلان کیا گیا تھا لیکن ویڈیو کانفرنس کو بار بار منسوخ کیا گیا۔ ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ کوئلہ کے ذخائر اور بجلی کی خریداری کے معاہدہ پہلے سے طے نہ کئے جانے کے باعث بجلی کی کٹوتی اور پانی کی قلت پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پانی دستیاب ہونے کے باوجود دیوادولا اور پالمورو کے موٹرس نہیں چلائے جا رہے ہیں۔ ان کا الزام تھا کہ جورالا کا پانی استعمال کرنے والے کسانوں کے خلاف مقدمات درج کئے جا رہے ہیں جبکہ شراب بنانے والی کمپنیوں کو پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔

Desk

Thummala

تلنگانہ کے وزیرزراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ یاسنگی کے موسم میں دھان کی کاشت سے گریز کرتے ہوئے خشک زمین میں اگائی جانے والی فصلوں اور کم مدت میں تیار ہونے والی فصلوں کو ترجیح دیں۔وزیر زراعت نے رعیّتو نیتسم کے زیر اہتمام منعقدہ ضلعی کلکٹروں اور کسانوں کے اجلاس میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایل نینو کے اثرات عالمی سطح پر دیکھے جارہے ہیں لہٰذا عہدیدار کسانوں کو موجودہ صورتحال اور موسمی حالات سے متعلق حقائق سے واقف کروائیں۔انہوں نے بتایا کہ کسانوں کو متبادل فصلوں کی کاشت کی ترغیب دینے کے لئے ان کے بیج سبسڈی پر فراہم کیے جا رہے ہیں۔تو ملا نا گیشور راؤ نے الزام لگایا کہ اپوزیشن جماعتیں خشک سالی کی موجودہ صورتحال کو بھی اپنے سیاسی مفادات کے لئے استعمال کر رہی ہیں۔

Desk

Hiroshima Team

تلنگانہ کے چیف سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ تلنگانہ اور جاپان کے ہیروشیما کے درمیان سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، ہنرمندی کے فروغ اور روزگار کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید مستحکم بنایا جانا چاہئے۔ آج سکریٹریٹ میں ہیروشیما حکومت کے نمائندوں کے ساتھ منعقدہ اجلاس میں ریاستی وزیر محنت و روزگار وویک وینکٹ سوامی نے افتتاحی خطاب کیا۔اس موقع پر چیف سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ تلنگانہ ویژن 2047 کے تحت ریاستی معیشت کو سال 2047 تک 3 ٹریلین ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کیور، پیورا اور ریئر علاقوں، آؤٹر رنگ روڈ، بھارت فیوچر سٹی، ڈیٹا سنٹرس اور ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی میں سرمایہ کاری اور ترقی کے دستیاب مواقع سے وفد کو واقف کروایا۔چیف سکریٹری نے ہیروشیما کے نمائندوں کو 7 سے 9 دسمبر تک منعقد ہونے والے تلنگانہ گلوبل سمٹ میں انویسٹ تلنگانہ پروگرام میں شرکت کی دعوت بھی دی۔

Desk

Coaching

سرکاری ملازمتوں کی تیاری کرنے والے نوجوانوں کے لئے 40 ہزار روپے مالیت کی مفت آن لائن کوچنگ فراہم کرنے کے مقصد سے ایک پروگرام کا آج آغاز کیا گیا۔ یہ تربیتی پروگرام پی ایس آر چیرٹیبل ٹرسٹ کے زیراہتمام آرسی ایگزامس کے اشتراک سے چلایا جائے گا۔ دلچسپی رکھنے والے امیدوار آج سے ہی متعلقہ پورٹل پر اپنا رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔ رجسٹریشن کروانے والے امیدواروں کو ایک سال تک مفت کوچنگ فراہم کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت گروپ 1، گروپ 2، گروپ 3، گروپ 4، سب انسپکٹر، کانسٹیبل، پنچایت راج، محکمہ جنگلات، ریلوے، بینکنگ اور ڈی ایس سی سمیت مختلف مسابقتی امتحانات کی تیاری کروائی جائے گی۔ تمام مضامین میں تجربہ کار اساتذہ کے ذریعہ آن لائن تربیت فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا ہے تاکہ سرکاری ملازمتوں کے خواہش مند نوجوانوں کو امتحانات کی تیاری میں مدد مل سکے۔

Desk

Governor

تلنگانہ گورنر شیو اپرتاپ شکلا نے کہا کہ مہاراجہ اگرسین کے پیش کردہ مساوات، عدم تشدد اور سماجی ہم آہنگی جیسے نظریات معاشرہ کی ترقی کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ گورنر نے حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں منعقدہ مہاراجہ اگرسین جینتی تقریبات میں شرکت کی اور خطاب کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کاروبار اور صنعتی شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے کے ساتھ سماجی خدمات میں بھی پیش پیش رہنے والی اگروال برادری کے کردار کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ سماجی ہم آہنگی اور خدمت خلق کے جذبے کو فروغ دینے میں اس برادری کی خدمات قابل تحسین ہیں۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی گزشتہ 25 برسوں سے مسلسل عوامی خدمات میں مصروف ہیں اور ان کی خدمات ہر پارٹی کارکن کیلئے باعث تحریک ہیں۔کشن ریڈی نے حیدرآباد کے عنبرپیٹ میں منعقدہ ''سیوا سنکلپ ابھیان'' کے اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم مودی نے ملک کے پیچیدہ مسائل کو حل کرنے اور ہندوستان کو دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معیشت بنانے کیلئے مضبوط بنیادیں فراہم کی ہیں۔کشن ریڈی نے اس موقع پر وزیراعظم کی طویل عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا سفر پارٹی کارکنوں کے لئے حوصلہ افزائی کا ذریعہ ہے۔

Desk

Komatireddy Venkat Reddy

تلنگانہ کے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے قومی شاہراہ نمبر 65 پر حیدرآباد۔وجئے واڑہ۔مچھلی پٹنم روٹ کی توسیع کے کاموں میں تیزی لانے کی اپیل کی ہے۔انہوں نے نئی دہلی میں نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا کے چیرمین سنتوش کمار سے ملاقات کرکے اس سلسلہ میں تبادلہ خیال کیا۔وزیر نے کہا کہ مذکورہ قومی شاہراہ کو 6 لین میں توسیع دینے سے ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی اور سڑک حادثات کی روک تھام میں مدد ملے گی۔اس موقع پر این ایچ اے آئی کے چیرمین سنتوش کمار نے بتایا کہ ٹنڈروں کا عمل 11 نومبر کو مکمل ہوجائے گا اور کاموں کا آغاز جنوری 2027 تک کرنے کا منصوبہ ہے۔

Desk

Chief Minister

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے الزام لگایا کہ عوام کے ووٹ حذف کرنے کے مقصد سے ایس آئی آر کا استعمال کیا جارہا ہے۔آج نئی دہلی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ملک کی آزادی کی جدوجہد میں کانگریس نے اہم کردار ادا کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے دنیا

بھر کا دورہ کر کے مختلف ممالک کے آئین کا مطالعہ کیا اور تفصیلی غور وخوض کے بعد حق رائے دہی کو آئین میں شامل کیا۔ ریونت ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اب عوام کے حق رائے دہی کو ختم کرنے کی سازشیں کی جارہی ہیں۔

Desk

Ponnam Prabhakar

تلنگانہ کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ آر ٹی سی اور میٹرو کے مشترکہ پاس کے کرایوں کو زیادہ قرار دینے سے متعلق شکایات کے پیش نظر حکومت نے ان پر دوبارہ غور کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کی ہدایات کے مطابق اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کر کے کرایوں میں کمی لانے کے اقدامات کئے جائیں گے تاکہ یہ عام لوگوں کی پہنچ میں رہیں۔وزیر نے واضح کیا کہ عوام پر اضافی مالی بوجھ ڈالے بغیر عوامی نقل وحمل کو فروغ دینا حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے راجنا سرسلہ ضلع کے جے این ٹی یو انجینئرنگ کالج کے طلبہ کے مسائل فوری طور پر حل کرنے کی اپیل کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو مکتوب روانہ کیا ہے۔کے ٹی آر نے اپنے خط میں منڈے پلی میں کالج کی مستقل عمارت کی تعمیر میں تاخیر کو دور کرنے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے موجودہ ڈگری کالج کی عمارت میں چلنے والے انجینئرنگ کالج کو کسی نجی عمارت میں منتقل کرنے کی کوششوں کو روکنے کی بھی اپیل کی۔کے ٹی آر نے کہا کہ طلبہ کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیراعلیٰ کو اس معاملہ میں فوری مداخلت کرنی چاہئے اور کالج کی مستقل عمارت کی تعمیر کے کاموں میں تیزی لانے کے اقدامات کرنے چاہئیں۔

Desk

Jantar Mantar

دہلی پولیس نے دارالحکومت میں احتجاج اور مظاہروں کے انعقاد کیلیۓ تین نئے مقامات مقرر کئے ہیں۔ اب رام لیلہ میدان، براری میدان اور مشرقی دہلی میں واقع سی بی ڈی گراؤنڈ میں احتجاجی مظاہروں کی اجازت دی جائے گی۔ پولیس کمشنر انوراگ کمار کی جانب سے جاری کردہ احکامات کے مطابق جنتر منتر کو احتجاجی مقامات کی فہرست سے خارج کر دیا گیا ہے۔شہریوں کے حق احتجاج کو برقرار رکھتے ہوئے متبادل مقامات کی نشاندہی کیلیۓ مرکزی وزارتِ داخلہ نے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔اس کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر جنتر منتر کو احتجاجی مقامات کی فہرست سے ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا۔اس فیصلہ کے بعد اب دہلی میں احتجاج اور مظاہروں کے انعقاد کے لئے مذکورہ تین مقامات کو متبادل کے طور پر استعمال کیا جا سکے گا۔

Desk

Waqf Act Reforms

وزیر اعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے ذریعے ملک کی خدمت کے منتر کے ساتھ ملک میں بہتر حکمرانی اور شفافیت فراہم کرنے کے مقصد سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ خدمت اور بہتر حکمرانی کے اصولوں کی رہنمائی میں مرکزی حکومت 2047 تک 'وکست بھارت' یعنی ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔اسی سمت میں وقف بورڈوں کے انتظام میں جامع تبدیلیاں لانے کے لئے وضع کیا گیا امید ایکٹ 2025ء ایک تاریخی فیصلہ قرار دیا جا رہا ہے۔اس خصوصی رپورٹ میں جائزہ لیا گیا ہے کہ شفاف حکمرانی اور جامع ترقی کے ذریعہ وزیر اعظم مودی کا ویژن عوام کی زندگیوں میں مطلوبہ تبدیلی لانے کے لئے کس طرح عملی شکل اختیار کر رہا ہے۔وقف املاک کی ملکیت اور انتظام سے متعلق کئی دہائیوں سے جاری تنازعات اور ابہام کو ختم کرنے کے مقصد سے متعارف کرائی گئی 'وقف اصلاحات 2025' میں شفافیت اور سماجی انصاف کو ترجیح دی گئی ہے۔ ان اصلاحات کے تحت وقف بورڈوں میں خواتین اور پسماندہ طبقات کو نمائندگی فراہم کرنے کے ساتھ ڈیجیٹل نظام کے ذریعہ وقف املاک کو آن

لائن پورٹل پر درج کرنے کا انتظام کیا گیا ہے جس سے بے ضابطگیوں کی روک تھام میں مدد ملنے کی توقع ظاہر کی جارہی ہے۔ اس قانون کا مقصد وقف املاک سے حاصل ہونے والی آمدنی کو غریب مسلمانوں کی تعلیمی اور طبی ترقی کے لئے مؤثر انداز میں استعمال کرنا بھی بتایا گیا ہے۔ سماجی حقوق کے تحفظ اور جواب دہی کو فروغ دینے کے لئے مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی ان اصلاحات پر محبوب نگر ضلع سے تعلق رکھنے والے محمد رحیم نے آل انڈیا ریڈیو کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ Byte

Desk

K. Laxman

بی جے پی کے رکنِ راجیہ سبھا ڈاکٹر کے لکشمن نے الزام لگایا کہ 'کورٹ مارچ' کے نام پر احتجاجی مظاہرہ کرنا عدالتی نظام کو بلیک میل کرنے کے مترادف ہے۔ آج حیدرآباد میں واقع بی جے پی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے آئینی اداروں پر سیاسی حملے کرنا افسوسناک ہے۔ ڈاکٹر لکشمن نے کہا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی جانب سے کانگریس پارٹی کے نمائندوں سے ملاقات کی تجویز پر وضاحت دیے جانے کے باوجود آئینی اداروں کو نشانہ بنانا درست نہیں ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ایس آئی آر کے خلاف زہرافشانی اور سپریم کورٹ کے بارے میں تبصرہ کرنا گرتی ہوئی سیاسی اقدار کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید الزام لگایا کہ کانگریس، بائیں بازو اور انتہا پسند نظریات رکھنے والی جماعتوں کے ساتھ مل کر جمہوری اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ ڈاکٹر لکشمن نے کہا کہ ایس آئی آر کا عمل تقریباً 46 لاکھ سرکاری ملازمین نے انجام دیا، جن میں 30 لاکھ عوامی نمائندے بھی شامل تھے۔ انہوں نے اس عمل پر تنقید کو نامناسب قرار دیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب خود کانگریس کے بعض قائدین ایس آئی آر کے عمل کی ستائش کر رہے ہیں تو راہل گاندھی کی جانب سے اس پر تنقید کرنا کس حد تک درست ہے۔

MSM

OO